# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

86- مزنگ روڈ لاہور

مراسلہ نمبر: 77 ۔رجسٹریشن　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　مورخہ: 08 ستمبر 2020ء

## ﴿ترمیم شدہ نوٹیفیکیشن﴾

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
ملحقہ لاہور بورڈ

**عنوان:۔ آن لائن انرولمنٹ/داخلہ شیڈول برائے جماعت نہم (Class-IX) تعلیمی سیشن 2020-2022ء**

آپ کی اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ جماعت نہم (Class-IX) کی آن لائن انرولمنٹ /داخلہ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے جس میں انرولمنٹ فیس مبلغ-/800روپے پروسیسنگ فیس مبلغ-/395روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر ہے۔

| سیریل نمبر | شیڈول | اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن/کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع کروانے کی حتمی تاریخیں (الحاق لیٹر لازمی منسلک کریں) |
|---|---|---|
| i | انرولمنٹ/داخلہ برائے جماعت نہم (Class-IX) بغیر لیٹ فیس (تمام سرکاری ادارے انرولمنٹ فیس سے مستثنیٰ ہوں گے لیکن پروسیسنگ فیس مبلغ-/395روپے فی طالب علم/طالبہ جمع کروانے کے پابند ہوں گے) | یکم۔جولائی 2020ء تا 30۔ستمبر 2020ء |
| ii | اصل مروجہ فیس، انرولمنٹ فیس اور پروسیسنگ فیس کے علاوہ -/500روپے لیٹ فیس فی طالب علم /طالبہ کے ساتھ جماعت نہم(Class-IX) میں انرولمنٹ / داخلہ (تمام سرکاری، پرائیویٹ (الحاق شدہ) تعلیمی ادارے بورڈ ہذا کو جمع کروانے کے پابند ہوں گے) | یکم۔اکتوبر 2020ء تا 15۔اکتوبر 2020ء |
| iii | اداروں میں درج بالا تاریخوں تک داخل کئے گئے طلبا و طالبات کی انرولمنٹ ریٹرن اصل مروجہ فیس، انرولمنٹ فیس اور پروسیسنگ فیس کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ-/500روپے کے ساتھ جمع کروانے کا معاملہ | ایسے طلباء وطالبات جن کا داخلہ اداروں میں مقرر کردہ درج بالا داخلہ شیڈول میں ہوا مگر انرولمنٹ ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی/نہ ہی BATCH بن سکے/نہ ہی دفتر ہذا میں انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی توان امیدواران کی انرولمنٹ ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ-/500روپے فی BATCH/GROUP کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا (Tripple Fee) فیس شیڈول کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔ |

## ﴿ہدایات﴾

درج بالا تاریخوں کے بعد کسی بھی ادارے کو انرولمنٹ/داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی۔انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول ٹائم میں دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر(iii) کے تحت فیس وجرمانہ ادا کرنا ہوگا۔انرولمنٹ ریٹرن ''لیگل (8.5×14) سائز صفحہ پر اور لینڈ سکیپ (LANDSCAPE) میں پرنٹ کریں۔بصورتِ دیگر وصول نہیں کی جائے گی۔آن لائن انرولمنٹ ریٹرن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ (www.biselahore.com) پر بھی دستیاب ہے مینوئل (MANUAL) انرولمنٹ ریٹرن ہرگز وصول نہیں کی جائے گی۔جماعت نہم (Class-IX) کی انرولمنٹ ریٹرن آن لائن کرتے وقت والد/والدہ/سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر اور طالب علم/طالبہ کا 'ب' فارم نمبر لازمی درج کریں۔طلباء اور طالبات کے کوائف کا اندراج بمطابق ''ب'' فارم کریں۔دفتر ہذا اداروں میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم/طالبہ کا اصل رجسٹر داخل خارج ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لئے منگوا سکتا ہے۔سربراہان ادارہ جات سے گذارش ہے کہ مزید معلومات اور رہنمائی کے لئے ''کتابچے'' (BOOKLET) میں درج ہدایات ملاحظہ کریں اور ان پر سختی سے عمل کریں۔''کتابچے'' کی قیمت مبلغ-/200روپے تمام ادارے جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

اظہر منیر

سیکرٹری